Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رجب المرجب ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۴ اپریل ۱۹۱۹ء	نمبر ۱۵

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۰ اپریل ۱۹۱۹ء

حسب تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ شوکت علیخان نائب پیشکار و حسان علی نائب ناظر سررشتہ آڈٹ بوجہ ختم میعاد غیر مستقلی آخر مارچ ۱۹۱۹ء سے عہدہ گذشتہ پر مستقل کیے گئے ۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقعہ ۷؍ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

سابق مین سامر کا انتظام ذریعہ ٹھیکہ صرف شہر کے لئے تہا۔ چونکہ سامر کے نرخ کی گرانی زائد ہوگئی تہی۔ اور سامر کے ملنے مین بہی دقت تہی۔ لہذا تحصیلات کے لئے انتظام سامر کیا گیا۔ اور تحصیلات مین ڈپو قایم ہوگئے ہین اور ڈپو ہائے مذکور مین سامر بغرض فروخت موجود ہے جیسا کہ رپورٹ تحصیلداران سے واضح ہوا شہر مین سامر لانے کے علاوہ ٹھیکہ دار کی دیگر اشخاص کی بابت پہلے سے مانعت ہے اب چونکہ تحصیلات مین بہی فروخت سامر کا انتظام کیا گیا ہے۔ لہذا یہ حکم دیا جاتا ہے کہ کوئی شخص بغرض تجارت بیرون ریاست سے ریاست مین نہ لائے۔ اگر کوئی شخص خلاف ورزی حکم ہذا کریگا تو وہ مستوجب جرمانہ یا ضبطی سامر وغیرہ کا ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

باجرا یہ احکام جمیع تحصیلداران کو اطلاع دیجائے کہ اس حکم کا اعلان کرادیا جائے۔ ایک نقل حکم ہذا کی بغرض اطلاع سب انسپکٹران علاقہ سررشتہ پولیس کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۱۰؍ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ مزید رخصت رعایتی پندرہ ۱۵ یوم کورٹ انسپکٹر صاحب بوجہ علالت منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت
۱۰؍ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر کی مزید رخصت چہ یوم منظور ہوئی۔ ہنگام رخصت صاحب جج خفیفہ کو انکا قائم مقام کیا گیا۔ صاحب جج خفیفہ کو بقائم مقامی صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر جملہ کام کرنے کا اختیار ہوگا۔ عام طور پر معمولی کام صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر کا صاحب موصوف انجام دینگے۔ اور حسب ضرورت بصوابدید خود سماعت مقدمہ وغیرہ بہی کرینگے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء جلد ۱

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۷ لغایت ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۶ ار	۵ ار		۵ ار	۶ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
...دو خالص		۶ ار	۵۰ ار		۶ ار	۵۰ ار	
...دگی آمیز		۶۰ ار	۶ ار		۶۰ ار	۶ ار	
...کسہ		۰	۶۰ ار		۶۰ ار	۵ ار	
...شس		۰	۳ ار		۳ ار	۳ ار	
...ک		۰	۳۰ ار		۳۰ ار	۳ ار	
...مکا		۶۰ ار	۶۰ ار		۶۰ ار	۶ ار	
...جی		۸۰ ار	×		۸ ار	۹ ار	
...جی		۰	۶ ار		۶ ار	۶ ار	
...سس		۰۰	۶۰ ار		۶۰ ار	۶ ار	
...ہر		۸ ار	۸ ار		۸ ار	۶ ار	
...نج		۴ ار	۴۰ ار		۴ ار	۴ ار	
...زرد		۱۰ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	
...سیاہ		۰	۱ ار		۱ ار	۱۰ ار	
...گنجہ		۰	۱ ار		۱ ار	۱ ار	
...سامھر		۱۱۰ ار	۱۱۰ ار		۱۰ ار	۱۱ ار	
...ہوی		۶۰ ار	۶ ار		۸ ار	۶ ار	
...سیاہ		۳۰ ار	۳۰ ار		۳۰ ار	۳ ار	
...بسہ		۰	×		۶۰ ار	×	